© rasailojaraid.com

تبصرے

نصرۃ القرآن

از مولانا عبد الحمید خاں صاحب ارشد - طباعت وکتابت بہتر، ضخامت ۳۳۶ صفحات قیمت مجلد صہ پانچ روپیہ

پتہ:- عبد المجید صاحب صدیقی - یونائٹیڈ مجید موٹر کمپنی - بندر روڈ کراچی ملا پاکستان میں آج کل فتنۂ انکارِ حدیث کا بہت زور ہے - غالباً وہاں کی عام فضا جو اونچے طبقوں میں پائی جاتی ہے اسے محسوس کر کے اس فتنہ کے علمبرداروں نے اپنی کوششیں تیز سے تیز تر کر دی ہیں، ادھر حجیتِ حدیث اور اس سے متعلقہ مباحث پر متعدد بلند پایہ کتابیں بیسیوں قابل قدر مقالات و مضامین ہندو پاک میں شایع ہو چکے ہیں اور جہاں تک اس مسئلہ پر علمی حیثیت سے گفتگو کا تعلق ہے غالباً اس کا کوئی پہلو ایسا نہیں ہے جس پر مذکورۂ بالا کتابوں اور مقالات میں سیر حاصل بحث نہ کی گئی ہو لیکن جن لوگوں نے بہر حال حجیتِ حدیث سے انکار کی قسم کھالی ہے انھیں ان سے کیا غرض! انھیں جو کام کرنا ہے وہ کرتے رہیں گے اس بنا پر ضرورت ہے کہ ادھر سے بھی خاموشی اختیار نہ کی جائے اور مختلف عنوانات کے ماتحت کتابیں اور مضامین برابر شایع ہوتے رہیں چنانچہ زیر تبصرہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی ایک مستحسن کوشش ہے اور فاضل مصنف نے حدیث کی اہمیت و ضرورت، اس کی حجیت اور تشریعی حیثیت - وغیرہ مباحث پر کلام کرنے کے بعد منکرینِ حدیث کی طرف سے جو اعتراضات کیئے جاتے ہیں ان کے جواب دیئے ہیں اور انکارِ حدیث کی بنا پر ان لوگوں نے جو بعض نئے نئے مسئلے تراش لئے ہیں مثلاً قربانی کا انکار وغیرہ ان کی اصل حقیقت واضح کی ہے، غرض کہ کتاب اپنے مقصد میں کامیاب ہے جن حضرات کو فتنۂ انکار حدیث سے سابقہ پڑا ہو ان کو اس کا ضرور مطالعہ کرنا چاہئے -!!

© rasailojaraid.com